## سوال

فوت شدہ نمازوں کی قضا کا طریقہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ہمیشہ نماز پڑھتا ہوں لیکن بعض فرض نمازیں نہیں پڑھ سکا اور اب ہر نماز کے ساتھ ایک نماز پڑھ لیتا ہوں ۔ میرے لئے کی طریقہ ہے ۔ جس سے میں فوت شدہ نمازوں کو پڑھ کر راحت حاصل کر سکوں ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر آپ نے بعض نمازیں کسی بیماری یا بے ہوشی کے عذر کی وجہ سے ترک کی ہیں ۔ تو جلدی سے ان کی قضاء دے لیں جب آپ کو فراغت اور قوت حاصل ہو حسب نشاط مختلف نمازیں پڑھ لیں مثلاً ضحیٰ کے وقت دو یا اس سے زیادہ دنوں کی نمازیں اکھٹی پڑھ لیں اس طرح ظہر کے بعد پڑھ لیں اگر نمازوں کی تعداد زیادہ ہو اور آپ نے محض سستی کی وجہ سے نہ پڑھی ہوں تو نوافل کثرت سے پڑھیے فرائض کی حفاظت کیجیے اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف فرما دے گا ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

# ج1ص340

محدث فتویٰ